2018年12月19日ジャング紙ラーワルピンディー版1面

زرداری اور نواز شریف 2019 جیل میں گزاریں گے، احتساب کی بات پر اپوزیشن ناراض دلہن بن جاتی ہے، بسنت پر پابندی کا خاتمہ خوش آئند، فواد چوہدری

# پنجاب، بسنت پر پابندی ختم

## فروری کے دوسرے ہفتے میں منائی جائے گی

## سفارشات تیار کرنے کیلئے 8 رکنی کمیٹی قائم

## 8 دن میں رپورٹ پیش کریگی، وزیر اطلاعات پنجاب

کمیٹی کیمیکل ڈور سمیت دیگر معاملات پر سفارشات دیگی، حتمی منظوری وزیر اعلیٰ دیں گے، نیب کرپٹ افراد کو خوبصورت بنانے کی کوشش کر رہا ہے، فیاض چوہان کی پریس کانفرنس، خطاب

اسحاق ڈار واپس آئینگے، پیسے بھی دینگے، وفاقی وزیر اطلاعات کا خطاب، عمران خان سے ملاقات، وزیر اعظم کا اظہار اعتماد، آزاد مگر ذمہ دار میڈیا چاہتے ہیں، فواد چوہدری سے گفتگو

لاہور (نمائندہ جنگ، مانیٹرنگ سیل) پنجاب حکومت نے بسنت کے تہوار پر پابندی ختم کر دی ہے۔ وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی قیادت میں منعقدہ اجلاس میں اس بات کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے کہ فروری کے دوسرے ہفتے میں لاہور میں بسنت کا تہوار منایا جائے گا۔ تہوار کو شایان شان طریقے سے منانے اور کیمیکل ڈور سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لینے کے لیے آٹھ رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، یہ کمیٹی تمام امور کا بغور جائزہ لینے کے بعد اپنی سفارشات وزیر اعلیٰ پنجاب کو آٹھ دن کے اندر پیش کرے گی اور ان سفارشات کی روشنی میں وزیر اعلیٰ پنجاب اس تہوار کو منانے کی حتمی منظوری دیں گے۔ منگل کو الحمرا آرٹس کونسل میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ لاہور کی سول سوسائٹی سمیت ثقافتی حلقوں اور شہریوں کی طرف سے بسنت کا تہوار منانے کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔ بسنت کو شایان شان طریقے سے منانے اور کیمیکل ڈور سمیت دیگر معاملات کا جائزہ لینے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب نے 8 رکنی کمیٹی تشکیل بنا دی ہے جس میں صوبائی وزیر اطلاعات، وزیر قانون، آئی جی پنجاب، سیکرٹری اطلاعات سمیت سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندہ ارکان شامل ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے برٹش ایئرویز کی پروازوں کی بحالی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ وزیر اعظم عمران خان کی قیادت اور پالیسیوں پر اعتماد کا مظہر ہے، دوسری جانب ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب ڈاکٹر شہباز گل نے بھی ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے بسنت کی بحالی کا جائزہ لینے کے لیے وزیر قانون راجہ بشارت کی سربراہی میں کمیٹی بنا دی ہے۔ علاوہ ازیں الحمرا میں آل پاکستان ہیئر ڈریسرز اینڈ بیوٹیشنز فیڈریشن کے زیر اہتمام بیوٹیشن کورس مکمل کرنے والے افراد کو اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ بیوٹی پارلرز اور نیب ایک ہی مقصد کے لیے کام کر رہے ہیں، بیوٹی پارلرز انسان کا ظاہر سنوار رہے ہیں جبکہ باطنی صفائی کے لیے نیب بہترین کام کر رہا ہے۔ کرپٹ سیاستدانوں پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق حکمرانوں نے خصوصاً آل شریف نے غریب عوام کا جو مال لوٹا ہے اس کی واپسی کے لیے نیب کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ ہیئر ڈریسرز تو بالوں میں کنگھی کرتے ہیں اور آل شریف نے تو عوام کے مال پر ہی کنگھی پھیر ڈالی۔ لوٹ مار کا بازار گرم کرنے والے اندر اور باہر سے یکساں بدصورت ہیں۔ نیب درحقیقت کرپٹ افراد کو اندر سے خوبصورت بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ڈی جی نیب کی سربراہی میں نیب کرپشن کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

اسلام آباد (کامرس رپورٹر، نمائندہ خصوصی، نیوز رپورٹر، ایجنسیاں) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ماضی کی سیاست کے سرخیل آصف زرداری اور نواز شریف نے جو سیاست کرنا تھی وہ کر لی اور اپنے آخری الیکشن لڑ چکے، اب یہ دونوں 2019ء جیل میں گزاریں گے، خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں، اسحاق ڈار سے زیادہ ان پیسوں کا انتظار ہے جو وہ ساتھ لے گئے ہیں، اسحاق ڈار ملک واپس آئیں گے اور پیسے بھی واپس کریں گے، پنجاب میں بسنت سے پابندی کا خاتمہ خوش آئند ہے اور وزیر اعلیٰ عثمان بزدار اور پنجاب حکومت اس اہم فیصلے پر مبارکباد کے مستحق ہیں، احتساب کی بات پر اپوزیشن نئی نویلی دلہن کی طرح ناراض ہو جاتی ہے، بھارتی فلمیں بند نہیں کر سکتے، اصل سفر اب شروع ہوا ہے، سیاسی استحکام حاصل کر لیا ہے، اب معاشی استحکام حاصل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تاجروں سے خطاب میں فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بہتر ہوا، برٹش ایئرویز دس سال بعد دوبارہ سے پاکستان سے فضائی آپریشن شروع کر رہی ہے، امریکا سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں، فرانس نے ٹریول ایڈوائزری پاکستان کیلئے ریڈ سے گرین کر دی ہے۔ جرمنی بھی تبدیل کرنے پر غور کر رہا ہے۔ پاکستان میں بیرونی سیاحوں کا آنا بہت ضروری ہے، ہمیں پاکستان میں مذہبی سیاحت کو فروغ دینا ہے، کرتارپور کو سکھوں کے لیے کھولنے کا ایک پہلو مذہبی سیاحت بھی ہے۔ ٹیکس دینے والوں پر مزید بوجھ نہیں ڈال سکتے، ٹیکس نیٹ بڑھانا ہوگا، ملک میں سب سے بڑا چیلنج معیشت کا ہے، اصل سفر اب شروع ہوا ہے، پچھلی حکومت میں 2 بڑے مسئلے کرپشن اور کرپشن کا پیسہ باہر بھجوانے کا تھا، سندھ کے حکمرانوں نے بھی کرپشن کی اور پیسہ باہر بھجوایا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان میں بھارتی فلمیں بند نہیں کر سکتے۔ بھارت سمیت تمام ملکوں کے نشریاتی مواد پر پابندی کے خلاف ہوں۔ وزیر اعظم عمران خان نے وزارت اطلاعات کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ وزارت اطلاعات کو میڈیا سے متعلق تمام امور میں قائدانہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات چوہدری فواد حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے منگل کو وزیر اعظم آفس میں ان سے ملاقات کی۔ عمران خان نے کہا کہ حکومت عالمی سطح پر پاکستان کے تشخص کو اجاگر کرنے اور عوام میں حکومت کے اصلاحاتی وتبدیلی کے ایجنڈے کو نمایاں کرنے کے لئے ہر ممکنہ معاونت اور وسائل فراہم کرے گی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت مکمل طور پر اظہار رائے کی آزادی اور ملک کی سماجی ومعاشی ترقی کیلئے ایک آزاد، متحرک اور ذمہ دار میڈیا کے کلیدی کردار پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت میڈیا کو اس کے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔ سیکرٹری اطلاعات ونشریات شفقت جلیل بھی ملاقات میں موجود تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات فواد چوہدری نے وزیر اعظم کو وزارت اطلاعات ونشریات کے متعلق امور بالخصوص سرکاری ریڈیو اور سرکاری ٹی وی کو موثر اور متحرک بنانے کیلئے کی جانے والی سٹیٹ آف دی آرٹ اصلاحات پر بریفنگ دی۔